e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110

LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
# avadhnama

Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 204 Monday , April 28 2025 Pages -8

قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۴) شمارہ نمبر(۲۰۴) لکھنؤ، بروز پیر ۲۸-اپریل ۲۰۲۵ء، مطابق ۲۹/شوال المکرم -۱۴۴۶ھ صفحات-۸

## نیتن یاہو کے خلاف اسرائیلی عوام کا غصہ انتہاء پر

تل ابیب۔(ایجنسی) اسرائیل میں وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کے خلاف لوگوں کا غصہ انتہا کو پہنچتا جا رہا ہے۔ ہفتہ کی رات تل ابیب میں جارحانہ مظاہرہ دیکھنے کو ملا، جس میں لوگوں نے نیتن یاہو کے چہرے والے ماسک کے ساتھ 'خون سے تربتر کٹے سر' سڑک پر لیٹا رکھے تھے۔ اس طرح کے مظاہرہ نے پورے ملک کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ وہیں نیتن یاہو اس طرح کے مظاہرہ سے تلملا گئے ہیں اور انہوں نے اسے بیہودہ اور 'سیاسی قتل' قرار دیا ہے۔ ٹائمز آف اسرائیل میں شائع رپورٹ کے مطابق تل ابیب میں مظاہرہ کے دوران ایک شخص اپنے جسم پر نقلی خون سے لگی پٹیوں کے ساتھ سڑک پر پڑا دکھا، اس کے چاروں طرف نیتن یاہو کے مکھوٹے رکھے گئے تھے، جن پر 'گنہگار' اور 'خطرہ' جیسے لفظ لکھے تھے۔ اس منظر نے سیاسی ماحول کو اور زیادہ کشیدہ بنا دیا ہے۔ وزیر اعظم نیتن یاہو نے اس طرح کے مظاہرہ پر اپنے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔

## ممبئی کے دادر علاقے میں مسلم پھیری والوں کو زدوکوب کرنے کا معاملہ

### 9 بی جے پی کارکنان کے خلاف معاملہ درج

ممبئی۔(یو این آئی) ممبئی کے شیواجی پارک پولیس اسٹیشن نے بی جے پی کے نو کارکنوں کے خلاف وسطی ممبئی کے دادر مارکیٹ کے علاقے میں مسلم پھیری والوں سے مبینہ طور پر بدسلوکی کرنے اور زدوکوب کرنے کے معاملے میں ایک مقدمہ درج کیا ہے لیکن انکی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی البتہ پولیس نے انھیں نوٹس جاری کیا ہے۔ شیواجی پارک پولیس نے پھیری والے کی شکایت پر اکشا تندولکر اور آٹھ دیگر کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے۔ شکایت کنندہ کے مطابق اکشا تندولکر اور اس کے آٹھ ساتھی رنگولی اسٹور کے سامنے دادر مارکیٹ کے علاقے میں پہنچے اور مبینہ طور پر ہاکروں سے پوچھا کہ کیا وہ مسلمان ہیں، جس کے بعد انہوں نے ان کے ساتھ بدسلوکی کی اور بعد میں ان کی پٹائی کی۔ کارکنوں نے سفیان شاہد علی نامی ایک پھیری والے سے پہلے اس کا نام پوچھا اور پھر گالی گلوچ اور مار پیٹ کی۔

# پہلگام دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو ملے گا انصاف

## ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں پی ایم مودی نے کہا، یہ حملہ دہشت گردی کی حمایت کرنے والوں کی مایوسی کو ظاہر کرتا ہے، ہندوستان خلائی شعبے میں نئی بلندیاں سر کرے گا

وزیر اعظم مودی نے کہا، "دہشت گرد اور ان کے آقا چاہتے ہیں کہ کشمیر دوبارہ تباہی کی طرف جائے، اسی لیے اتنی بڑی سازش رچی گئی لیکن دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں 140 کروڑ ہندوستانیوں کی یکجہتی ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر میں امن لوٹ رہا تھا، اسکول اور کالجوں میں رونقیں واپس آ رہی تھیں، نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا ہو رہے تھے اور سیاحت میں ریکارڈ اضافہ ہو رہا تھا، جسے دشمن برداشت نہیں کر سکے۔



نئی دہلی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اتوار کو کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو انصاف ملے گا اور قصورواروں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے گی۔ آل انڈیا ریڈیو پر اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات کے 121ویں ایپی سوڈ میں ہم وطنوں سے خطاب کرتے ہوئے مسٹر مودی نے کہا کہ جموں و کشمیر کے پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے سے ملک کا ہر فرد درد اور غصے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حملے سے متاثرہ ہر ایک خاندان سے ہمدردی ہے۔ انہوں نے کہا "میں ایک بار پھر متاثرہ خاندانوں کو یقین دلاتا ہوں کہ انہیں انصاف ملے گا، انصاف کی فتح ہوگی۔ اس حملے کے مجرموں اور سازش کرنے والوں کو سخت ترین جواب دیا جائے گا۔" مسٹر مودی نے کہا کہ جنہوں نے اس حملے میں اپنے پیاروں کو کھو دیا ہے۔ ان کا درد ملک کا ہر شخص محسوس کر رہا ہے۔ دہشت گردانہ حملے کی تصویریں دیکھ کر ہر ہندوستانی کا خون کھول رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا "پہلگام میں یہ حملہ دہشت گردی کی حمایت کرنے والوں کی مایوسی کو ظاہر کرتا ہے، یہ ان کی بزدلی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایک ایسے وقت میں جب کشمیر میں امن لوٹ رہا تھا، اسکولوں اور کالجوں میں سرگرمی سے ہلچل تھی، تعمیراتی کاموں نے بے مثال رفتار حاصل کی تھی، جمہوریت مضبوط ہو رہی تھی، سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہو رہا تھا، لوگوں کی آمدنی میں اضافہ ہو رہا تھا اور جموں کے نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا کیے جا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اور دہشت گردی کے آقا کشمیر کو دوبارہ تباہ کرنا چاہتے ہیں اس لیے انہوں نے اتنی بڑی سازش رچی۔ مسٹر مودی نے کہا کہ ملک کا اتحاد، 140 کروڑ ہندوستانیوں کی یکجہتی، دہشت گردی کے خلاف اس جنگ میں ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔ یہ اتحاد دہشت گردی کے خلاف ہماری فیصلہ کن جنگ کی بنیاد ہے۔ ملک کو درپیش اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے ہمیں اپنے عزم کو مضبوط کرنا ہوگا۔ ہمیں بحیثیت ملک مضبوط عزم کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ آج دنیا دیکھ رہی ہے، اس دہشت گردانہ حملے کے بعد پورا ملک ایک آواز میں بول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو غصہ ہمیں ہندوستان میں ہے وہی غصہ پوری دنیا میں موجود ہے۔ اس دہشت گردانہ حملے کے بعد پوری دنیا سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔ عالمی رہنماؤں نے مجھے فون کئے، خط لکھے اور پیغامات بھیجے۔ اس گھناؤنے دہشت گردانہ حملے کی سبھی نے شدید مذمت کی ہے۔ انہوں نے مرنے والوں کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف ہماری جنگ میں پوری دنیا ہندوستانیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

مودی نے اتوار کو کہا کہ آنے والا وقت خلا کے میدان میں بہت سارے نئے امکانات لے کر آ رہا ہے اور ہندوستان اس میدان میں نئی بلندیاں سر کرنے والا ہے۔ مسٹر مودی نے عظیم سائنسدان ڈاکٹر کے کستوری رنگن کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دو دن پہلے ہم نے ملک کے عظیم سائنسدان ڈاکٹر کستوری رنگن کو کھو دیا ہے۔ انہوں نے کہا "میں جب بھی میری ڈاکٹر کستوری رنگن سے ملاقات ہوتی تھی، ہم ہندوستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں، جدید تعلیم، خلائی سائنس جیسے موضوعات پر بات کرتے تھے۔ سائنس، تعلیم اور ہندوستان کے خلائی پروگرام کو نئی بلندیوں پر پہنچانے میں ان کی شراکت داری کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ان کی قیادت میں اسرو کو ایک نئی شناخت ملی۔ ان کی رہنمائی میں آگے بڑھنے والے خلائی پروگراموں نے ہندوستان کی کوششوں کو عالمی سطح پر پہچان دیا۔" انہوں نے کہا کہ ہندوستان آج جن سیٹلائٹس کا استعمال کرتا ہے ان میں سے بہت سے سیٹلائٹس ڈاکٹر کستوری رنگن کی نگرانی میں لانچ کئے گئے تھے۔ ان کی شخصیت کا ایک اور خاص پہلو یہ بھی تھا کہ ان سے نوجوان نسل سیکھ سکتی ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے زمین کی صحت کو برقرار رکھنے کے لیے 'ماں کے نام پر ایک پیڑ' مہم میں شامل ہو کر ہم وطنوں سے ایک ایک درخت لگانے کی اپیل کی۔ آج اپنے ماہانہ پروگرام من کی بات میں مسٹر مودی نے کہا "ہمارے ملک کی سب سے بڑی طاقت ہمارے 140 کروڑ شہری، ان کی قابلیت، ان کی قوت ارادی ہے۔ جب کروڑوں لوگ ایک ساتھ ایک مہم میں شامل ہوتے ہیں، تو اس کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس کی ایک مثال 'ماں کے نام پر ایک پیڑ' ہے۔ یہ مہم اس ماں کے نام پر ہے جس نے ہمیں جنم دیا اور یہ اس ماں کے لیے بھی ہے جو اپنے دامن میں سنجوئے رکھتی ہے۔" انہوں نے کہا کہ 5 جون کو 'ماحولیات کے عالمی دن' کے موقع پر اس مہم کو ایک سال مکمل ہو رہا ہے۔ اس ایک سال میں اس مہم کے تحت ملک بھر میں ماں کے نام پر 140 کروڑ سے زیادہ درخت لگائے گئے ہیں۔

## این سی ای آر ٹی نے مغلوں اور دہلی سلطنت کے ابواب ہٹائے

نئی دہلی۔(ایجنسی) دہلی میں این سی ای آر ٹی کی نئی درسی کتابوں میں جماعت ہفتم (ساتویں) کی تاریخ کی کتاب سے مغلوں اور دہلی سلطنت سے متعلق ابواب نکال دیے گئے ہیں۔ ان تبدیلیوں کے تحت نئے ابواب میں ہندوستانی شاہی خاندانوں، مقدس جغرافیہ، مہاکمبھ اور سرکاری اسکیموں پر زور دیا گیا ہے۔ یہ قدم قومی تعلیمی پالیسی (NEP) اور قومی نصاب فریم ورک (NCFSE)2023 کے مطابق اٹھایا گیا ہے، جو کہ بھارتی روایات، فلسفے، تعلیمی نظام اور مقامی سیاق وسباق پر زور دیتے ہیں۔ این سی ای آر ٹی کے حکام کے مطابق، یہ درسی کتاب کا پہلا حصہ ہے اور دوسرا حصہ آئندہ مہینوں میں جاری کیا جائے گا۔ تاہم، یہ واضح نہیں کیا گیا کہ پہلے جو ابواب ہٹائے گئے ہیں، وہ دوبارہ شامل کیے جائیں گے یا نہیں۔ کووڈ-19 کی وبا کے دوران 2022-23 میں این سی ای آر ٹی نے مغلوں اور دہلی سلطنت پر مبنی مواد پہلے ہی کم کر دیا تھا، لیکن اب نئی درسی کتاب میں انہیں مکمل طور پر ہٹا دیا گیا ہے۔ Exploring India and Beyond:Society (سماجی علوم) نامی کتاب میں نئے ابواب شامل کیے گئے ہیں جو قدیم بھارتی سلطنتوں جیسے مگدھ، موریہ، شُنگ اور ساتواہن پر مرکوز ہیں۔ نئی درسی کتاب میں مقدس جغرافیہ کے نام سے ایک باب شامل کیا گیا ہے جس میں بھارت کے مقدس مقامات اور زیارت گاہوں کی تفصیل دی گئی ہے۔ اس میں 12 جیوتر لنگ، چار دھام یاترا، اور شکتی پیٹھوں کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ اس سال پریاگ راج میں منعقد ہونے والے مہاکمبھ میلے کو بھی کتاب میں شامل کیا گیا ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ تقریباً 66 کروڑ افراد نے اس میں شرکت کی۔ تاہم، اس کتاب میں بھگدڑ کے ان واقعات کا ذکر نہیں کیا گیا جن میں 30 یاتری جاں بحق ہوئے تھے۔ کتاب میں حکومت کی مختلف اسکیموں جیسے میک ان انڈیا، بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ اور اٹل سرنگ کا بھی تذکرہ ہے۔ آئینِ ہند سے متعلق ایک باب میں بتایا گیا ہے کہ سنہ 2004 میں سپریم کورٹ نے ترنگا لہرانے کے حق کو شہریوں کے بنیادی حقوق میں شامل قرار دیا تھا۔ ان تبدیلیوں پر تنقید بھی کی جا رہی ہے، اور بعض حلقے نصاب میں بھگوا کرن (زعفرانی رنگ دینے) کا الزام لگا رہے ہیں۔ این سی ای آر ٹی کے ڈائریکٹر دینیش پرساد سکلانی نے گزشتہ سال ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ فسادات سے متعلق پڑھائی بچوں کو منفی ذہنیت دے سکتی ہے۔

**ساتویں جماعت کی کتابوں کا نصاب تبدیل، مہاکمبھ اور چار دھام کو نصاب میں شامل**

## عدالت کی ناراضگی: سینتھل بالاجی اور پونموڈی کو کابینہ سے ہٹا دیا گیا

چنئی۔ (یو این آئی) عدالتوں کی ناراضگی کے بعد جیسا کہ بڑے پیمانے پر امید کی جا رہی تھی تمل ناڈو کے سینئر وزراء وی سینتھل بالاجی اور کے پونموڈی کو اتوار کی رات ریاستی کابینہ سے ہٹا دیا گیا۔ راج بھون کی ایک ریلیز میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن کی سفارشات پر گورنر آر این روی نے اسے قبول کیا۔ مسٹر سینتھل بالاجی، جنہیں گزشتہ سال ستمبر میں اسی بجلی، امتناعی اور آبکاری محکموں کے ساتھ دوبارہ کابینہ میں شامل کیا گیا تھا، انہیں پی ایم ایل اے کے تحت نقد رقم کے بدلے گھپلہ میں گرفتار کئے جانے کے بعد وزیر کے عہدہ یا ضمانت پر فیصلہ لینے کے لیے پیر (کل) تک الٹی میٹم دیا گیا تھا۔ دریں اثنا، مسٹر پونموڈی کو مدراس ہائی کورٹ کی طرف سے ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی خواتین کے خلاف ان کے حالیہ توہین آمیز اور ناشائستہ ریمارکس کے لیے شروع کی گئی از خود کارروائی کا سامنا تھا، جس کے نتیجے میں حزب اختلاف کی جماعتوں نے ان کی سخت مذمت کی تھی۔ اس کے بعد مسٹر پونموڈی کو ڈی ایم کے کے ڈپٹی جنرل سکریٹری کے عہدے سے خود ڈی ایم کے سربراہ اسٹالن نے ہٹا دیا۔

## رام جی لال سمن کے قافلے پر ٹائروں سے حملہ، اکھلیش کا شدید ردعمل

علی گڑھ: ضلع کے کھیریشور بائی پاس پر سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ رام جی لال سمن کے قافلے پر آج کرنی سینا کے کارکنوں نے ٹائروں سے حملہ کر دیا جس کی وجہ سے قافلہ میں موجود گاڑیاں آپس میں ٹکرائیں۔ اس واقعہ میں گاڑیوں کو نقصان پہنچا۔ تاہم کسی کے زخمی ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔ واقعہ کے بعد علاقے میں افراتفری پھیل گئی۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حالات کو کنٹرول کیا۔ اس معاملے کو لے کر کرنی سینا کے قومی صدر کی طرف سے ایک ویڈیو بھی جاری کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق ایس پی ایم پی رام جی لال سمن کا قافلہ گبھانہ سے بلند شہر کی طرف جا رہا تھا۔ الزام ہے کہ اچانک کرنی سینا کے کئی عہدیدار گبھانہ ٹول پلازہ کے پاس جمع ہو گئے۔ اس دوران لوگوں نے رکن راجیہ سبھا کے قافلے کی گاڑیوں پر ٹائر پھینکے، جس کے بعد قافلے میں افراتفری مچ گئی۔ ڈرائیوروں نے اچانک اپنی گاڑیوں کو روکنے اور بچانے کی کوشش کی جس کی وجہ سے کئی گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں۔

# کہیں بھی، کسی بھی وقت ملک کی حفاظت کے لیے تیار ہے بحریہ

## ہندوستانی بحریہ نے درمیانے فاصلے تک مار کرنے والے میزائل کا کامیاب تجربہ کیا



نئی دہلی۔(ایجنسی) جموں و کشمیر کے پہلگام میں دہشت گردانہ حملے کے بعد ہندوستان نے پاکستان کے خلاف حملہ آور رخ اختیار کر لیا ہے۔ ایک طرف جہاں ہندوستانی فوج زمینی سطح پر جنگ کی مشق کر رہی ہے۔ وہیں اب ہندوستانی بحری افواج بھی بحیرہ عرب میں اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا۔ بحیرہ عرب میں ہندوستانی بحریہ کے جنگی جہاز اینٹی-شپ میزائلوں کا ٹیسٹ کیا گیا۔ بھارتی بحریہ کے جہاز طویل فاصلے تک درست اور جارحانہ حملوں کے لیے اپنے پلیٹ فارمز، میزائلوں اور ہتھیاروں کے نظام کی جانچ کرتے ہیں۔ بحریہ اپنی جنگی مشقوں کو مضبوط بنانے میں مصروف ہے اور حال ہی میں اینٹی شپ فائرنگ کے کئی کامیاب تجربے کیے گئے۔

بھارتی بحریہ نے اپنے آفیشل ایکس (سابقہ ٹویٹر) ہینڈل سے اپنی جنگی تیاریوں کی ویڈیوز بھی شیئر کی ہیں، جس میں بحری جہازوں سے میزائل داغے جا رہے ہیں۔ اس سے ایک دن پہلے بحریہ نے سمندر میں اپنے جنگی جہازوں کی تصویر شیئر کی تھی اور لکھا تھا کہ بھارتی بحریہ قوم کے سمندری مفادات کے تحفظ کے لیے کسی بھی وقت، کہیں بھی، کسی بھی طرح سے جنگ کے لیے تیار ہے۔ بھارتی بحریہ کی اس پوسٹ کو بھارت کے دشمنوں کے لیے واضح وارننگ کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ دریں اثنا، پاکستان نے بھارتی بحریہ کی جانب سے ممکنہ کارروائی پر اپنے خدشات کے پیش نظر بحیرہ عرب میں اپنی بحریہ کے لیے الرٹ جاری کر دیا ہے۔ پاکستان نے قبل ازیں بحیرہ عرب کے اوپر نو فلائی زون کا اعلان کیا تھا اور الرٹ جاری کیا تھا، ملاحوں کو اس خطے سے دور رہنے کی تاکید کی گئی تھی۔ یہ اطلاعات بھی ہیں کہ پاکستان ایک نئے میزائل کا تجربہ کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے، بھارتی بحریہ نے آج بحیرہ عرب میں درمیانے فاصلے کی سطح سے فضا میں مار کرنے والے میزائل (MRSAM) کا استعمال کرتے ہوئے تیز رفتار پرواز کرنے والے ہدف کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ یہ ٹیسٹ بھارتی بحریہ کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ بھارتی بحریہ کے اس میزائل تجربے کا وقت اہم ہے کیونکہ یہ پاکستان کی جانب سے بحیرہ عرب میں اپنے آنے والے میزائل تجربے کے بارے میں میری ٹائم وارننگ جاری کرنے کے چند گھنٹے بعد ہوا ہے۔ بحریہ کے ذرائع کے مطابق بحیرہ عرب میں آج INS وکرانت سے رافیل اڑان بھرے گا۔ سبھی مارکوز کمانڈوں کو آج آن لائن نیوی کمانڈ سے جڑنے کے لیے کہا گیا ہے۔

# وین موٹر سائیکل سے ٹکرا کر کنویں میں گری، 12 ہلاک

## بچانے کے لیے گئے شخص کی بھی زہریلی گیس سے موت، سی ایم موہن یادو نے حادثے پر افسوس کا اظہار کیا



مندسور (ایجنسی) مدھیہ پردیش کے مندسور ضلع کے نارائن گڑھ تھانہ علاقے میں آج دوپہر ایک موٹر سائیکل سوار کو بچانے کی کوشش کے دوران ایک وین اس سے ٹکرا گئی اور سڑک کے کنارے ایک کھیت میں کھلے کنویں میں گر گئی، جس سے موٹر سائیکل سوار سمیت 12 افراد کی موت ہو گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق وین میں سوار تقریباً دس افراد نیمچ ضلع میں واقع ماتا مندر کے درشن کرنے جا رہے تھے۔ اس کے بعد نارائن گڑھ پولس اسٹیشن کے تحت کچریا چوپاٹی کے قریب وین سامنے سے آنے والے ایک موٹر سائیکل سوار کو بچانے کی کوشش میں اس سے ٹکرا گئی اور اس کے بعد وین بے قابو ہو کر سڑک کے کنارے ایک کھیت میں کھلے کنویں میں جا گری۔ حادثے میں کل دس افراد ہلاک ہوئے جن میں وین میں سفر کرنے والے آٹھ افراد، موٹر سائیکل پر سفر کرنے والا ایک شخص اور ریسکیو آپریشن کے دوران کنویں میں گرنے والا شخص شامل ہے۔ حادثے میں چار افراد زخمی ہوئے ہیں جنہیں ضلع اسپتال لایا گیا ہے۔ واقعہ کے بعد ضلع اور پولیس انتظامیہ کے اعلیٰ حکام موقع پر پہنچ گئے۔

معلومات کے مطابق مرنے والوں کے نام سامنے آئے ہیں۔ حادثے میں منوہر سنگھ ولد شیتل سنگھ (جو بچاؤ آپریشن کے دوران اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے)، سنجیت ضلع مندسور کے رہنے والے، گووردھن ولد دیوی سنگھ راجپوت (موٹر سائیکل سوار) ساکن سیتاماؤ ضلع مندسور کے ساتھ کار سوار بلرام ولد ہیمراج (25) ساکنہ دابی پپلیا، اونیل سنگھ ولد اونیل سنگھ، 53 سالہ اونیل سنگھ، ساکنہ سیتاماؤ۔ جوگی پپلیہ رتلام کی رامی بائی بیوی پرلال کیر (60) ساکن کھوجن کھیڑا رتلام، کنہا ولد مان سنگھ کیر (40) ساکن جوگی پپلیہ برواڑا رتلام، شیام لال ولد پورال کیر (30) ساکن کھوجن کھیڑا رتلام، 30 سالہ راشیرا کی بیوی کھوجن کھیڑا رتلام، منگو بائی بیوی ولاجی کیر (50) ساکنہ کھوجن کھیڑا رتلام، دھرمیندر سنگھ ولد مدن سنگھ راجپوت (39) ساکن کھوجن کھیڑا، تھانہ بارواڑا، ضلع رتلام، پون، والد، متوفی کی شناخت ولاجی کیر، مدن سنگھ راجپوت (39) کے طور پر ہوئی ہے۔ منوہر گہلوت کی بیوی، ذات کیر (30)، ساکن ہریا کھیڑی، اجین۔ ملہار گڑھ کے ایس ڈی او پی نریندر سولنکی نے بتایا کہ حادثے میں موٹر سائیکل سوار کی موقع پر ہی موت ہو گئی، جب کہ ڈوروادی ضلع مندسور کے رہنے والے منوہر سنگھ، جو کنویں میں گرے ہوئے لوگوں کو بچانے کے لیے کنویں میں گئے تھے، کی بھی گیس کے اخراج کی وجہ سے دم گھٹنے سے موت ہو گئی۔ سی ایم موہن یادو نے بھی حادثے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ایکس پر لکھا کہ مندسور ضلع کے نارائن گڑھ تھانہ علاقے میں ایک خوفناک سڑک حادثے میں ایک کار گہرے کنویں میں گرنے سے بارہ افراد کی بے وقت موت کی افسوسناک خبر موصول ہوئی ہے۔

# فوج اور ملک کی حفاظت پر سمجھوتہ ناقابل معافی

## دفاعی آپریشنز کی لائیو کوریج پر اکھلیش کا سخت ردعمل، حکومت پہلگام حملے کے متاثرین کے لواحقین کو 10 کروڑ دے معاوضہ



لکھنؤ۔ سماج وادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے دفاعی آپریشنز کی لائیو کوریج پر شدید ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ ملک اور فوج کی حفاظت پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ناقابل معافی ہے۔ اکھلیش یادو نے اپنی پوسٹ میں سوال کیا کہ دفاعی آپریشنز کی لائیو کوریج کیا حکمت عملی کی غلطی تھی یا سیاسی مقاصد کے لیے کی گئی تھی؟ انہوں نے حکومت سے فوری وضاحت کی مانگ کی کہ ایسی کوریج سے دشمنوں کو ہمارے فوجیوں کی لوکیشن اور حکمت عملی کی معلومات مل سکتی ہیں، جس سے فوجیوں کی زندگیوں کو خطرہ ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی کوریج سے ملک کی سیکیورٹی کو خطرہ ہو سکتا ہے اور اس پر سخت کارروائی ضروری ہے۔ اکھلیش یادو نے واضح کیا کہ فوج اور ملک کی سیکیورٹی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا اور اسے کسی صورت معاف نہیں کیا جا سکتا۔

اس کے علاوہ، انہوں نے کہا کہ ہندوستان کی فوج دنیا کی سب سے بہادر فوج ہے جو انتہائی مشکل حالات میں سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے۔ انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس کارروائی کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ملک کے دشمنوں کا صفایا کیا جا سکے۔ اس موقع پر اکھلیش یادو نے کہا کہ حالیہ دہشت گرد حملوں میں کئی بے گناہ افراد کی ہلاکتوں کے باوجود حکومت کو دہشت گردوں کے خلاف مزید سخت اقدامات اٹھانے چاہئیں۔ یہ بیان ایسے وقت آیا جب حال ہی میں دہشت گردوں نے کشمیر کے پہلگام میں 26 افراد کو بے دردی سے قتل کر دیا تھا، جس میں اکثریت غیر ملکی سیاحوں کی تھی۔

اکھلیش یادو نے کہا کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین کو فی کس 10 کروڑ روپے کا معاوضہ اور ایک سرکاری نوکری دی جائے۔ اکھلیش نے کہا کہ آج بھی ہمارا مسئلہ بے روزگاری کا ہے۔ اکھلیش نے کہا کہ پروفیشنل کورس کئے نوجوانوں کو ڈیلیوری بوائے بنا دیا گیا ہے۔ پارٹی کے ریاستی ہیڈکوارٹر میں ملائم سنگھ یادو یوتھ بریگیڈ کے قومی اور ریاستی عہدیداروں کی میٹنگ سے خطاب کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اکھلیش نے کہا 'نوکریاں غائب ہو رہی ہیں، نوجوانوں کو ان کی قابلیت کے مطابق کام نہیں مل رہا ہے۔ بی جے پی حکومت نوجوانوں کو باعزت روزگار فراہم کرنے میں کامیاب نہیں ہو رہی ہے۔ بڑھتی ہوئی مہنگائی، بدعنوانی، بے روزگاری آج بڑے مسائل ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا 'پروفیشنل کورس کرنے والے نوجوانوں کو ڈیلیوری بوائز بنا دیا گیا ہے۔ بی جے پی حکومت آئین کے ذریعے لوگوں کو دیئے گئے حقوق کو چھین رہی ہے۔ وہ ریزرویشن کے ساتھ کھیل رہی ہے۔ وہ نجکاری کو فروغ دے رہی ہے۔ تقرریوں میں سیاسی مداخلت ہو رہی ہے۔

ایس پی سربراہ نے کہا کہ اتر پردیش کا ماحول لڑکیوں کے لیے غیر محفوظ ہے۔ حکومت ہماری بہنوں بیٹیوں کو تحفظ فراہم نہیں کر پا رہی۔ تعلیمی فیسیں مہنگی ہو رہی ہیں۔ دیہی اور غریب بچے پروفیشنل کورسز میں داخلہ نہیں لے پا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا دعویٰ ہے کہ مدرا اسکیم کے تحت 52 کروڑ لوگوں کو 33 لاکھ کروڑ روپے کا قرض دیا گیا ہے۔ اس طرح اگر مدرا یوجنا کے ایک استفادہ کنندہ نے ایک شخص کو بھی روزگار دیا ہوتا تو ملک میں بے روزگاری مکمل طور پر ختم ہو جاتی اور کوئی بھی بے روزگار نہ رہتا۔ یادو نے کہا کہ تعلیم کے میدان میں من مانی اور نجکاری ہو رہی ہے۔ ایس پی کے نوجوان اس کے خلاف عوام کے درمیان جائیں گے۔

## این آئی اے نے پہلگام دہشت گردانہ حملے کی جانچ شروع کی

نئی دہلی۔(یو این آئی) مرکزی وزارت داخلہ کے حکم پر قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے پہلگام دہشت گرد حملہ کیس کو باضابطہ طور پر اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے اور ٹیم نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی ہے اس حملے میں گزشتہ منگل کو 26 معصوم سیاحوں کو بے دردی سے گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا تھا این آئی اے کے ایک ترجمان نے اتوار کو کہا کہ بدھ سے دہشت گردانہ حملے کے مقام پر کیمپ لگائے ہوئے این آئی اے کی ٹیموں نے شواہد کی تلاش کو تیز کر دیا ہے۔ انسداد دہشت گردی ایجنسی کی ٹیمیں، ایک انسپکٹر جنرل آف پولیس، ایک ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اور ایک سپرنٹنڈنٹ آف پولیس کی نگرانی میں، ان عینی شاہدین سے پوچھ گچھ کر رہی ہیں جنہوں نے پرامن اور دلکش وادی بیسرن میں خوفناک حملے کو اپنی آنکھوں کے سامنے ہوتے دیکھا۔ کشمیر میں بدترین دہشت گردانہ حملوں میں سے ایک کو انجام دینے والے واقعات کو ایک ساتھ جوڑنے کے لئے عینی شاہدین سے باریک بینی سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔ این آئی اے کی ٹیمیں دہشت گردوں کے طریقہ کار کے سراغ کے لیے داخلی اور خارجی راستوں کا باریک بینی سے جائزہ لے رہی ہیں۔

## عازمین کو 'حج سویدھا ایپ' کے استعمال کا حج کمیٹی آف انڈیا کا مشورہ

نئی دہلی۔(یو این آئی) حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2025 کے تمام عازمین کو ہدایت دی ہے کہ وہ وزارتِ اقلیتی امور، حکومتِ ہند کی نگرانی میں تیار کردہ جدید حج سویدھا ایپ 2.0 کو فوری طور پر ڈاؤن لوڈ کر کے اس کے استعمال میں مہارت حاصل کریں اور اس میں فراہم کردہ سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں حج کمیٹی آف انڈیا کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی جانب سے جاری سرکولر کے مطابق "حج سویدھا ایپ" نہ صرف سفرِ حج اور مناسکِ حج کی ادائیگی میں معاون و مددگار ہوگا بلکہ عازمین کی صحت و تندرستی کا بھی مؤثر نگراں ثابت ہوگا۔ ایپ کے تازہ ترین ورژن میں حجاج کرام کے لیے ہوائی پروازوں کی تفصیلات، ویزا کی تصدیق، ضروریات اور شکایات کے ازالے کا نظام، اہم اعلانات کی فوری اطلاع، طبی سہولیات تک رسائی، مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، منیٰ اور عرفات میں جی پی ایس سمت شناسی، مصنوعی ذہانت سے مزین چیٹ بوٹ، اوقاتِ نماز، قبلہ نما، مناسکِ حج و عمرہ سے متعلقہ راہنمائی اور سامان کی تلاش و نگرانی جیسی اہم سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ یہ بتانا ضروری ہے کہ "حج سویدھا ایپ" عازمین کے لیے ایک ہمہ وقت دستیاب ڈیجیٹل رہنما کی حیثیت رکھتا ہے جو محض انگلیوں کی جنبش پر ہر ممکن مدد فراہم کرے گا۔ سرکولر میں مزید بتایا گیا ہے کہ نئے ورژن کی ایک نمایاں خصوصیت پیڈومیٹر (قدم شماری) کی سہولت ہے، جو حجاج کی جسمانی صحت کی نگرانی میں مدد دے گی۔

## وقف ایکٹ پر مسلم پرسنل لا بورڈ کی اپیل

### بتی گل تحریک کے ذریعہ قانون کے خلاف اپنا خاموش احتجاج درج کروائیں

نئی دہلی: وقف قانون 2025 کے خلاف آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی ہدایت کے مطابق پرامن احتجاج کا سلسلہ ملک بھر میں جاری ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کی جانب سے کہا گیا ہے کہ احتجاج کا ایک رائج طریقہ تھوڑی دیر کے لیے روشنی بجھا دینا بھی ہے۔ یہ ایک علامت ہے کہ ہم ظلم کے خلاف ہیں، ہم بیدار ہیں اور اپنے حق کے حصول کی جدوجہد کے لیے پوری طرح تیار ہیں، بتی بجھانا کوئی بزدلی نہیں بلکہ اس بات کا عزم ہے کہ ہم آگے بڑھیں گے اور جدوجہد کو جاری رکھیں گے۔ سوشل میڈیا پر جنرل سکریٹری مسلم پرسنل لا بورڈ مولانا محمد فضل الرحیم مجددی کے نام سے یہ اپیل گردش کر رہی ہے۔ جس میں لکھا ہے کہ وقف قانون 2025 کے خلاف احتجاج کے طور پر بتی گل تحریک کا بورڈ کی جانب سے اعلان کیا گیا تھا۔ اب تمام مسلمانوں اور ملک کے انصاف پسند شہریوں سے گزارش کی جا رہی ہے کہ 30 اپریل کو رات 9:00 بجے سے 9:15 بجے تک اپنے مکانوں، دوکانوں، کارخانوں اور دیگر ساری جگہوں کی لائٹ آف کر دیں، بتی گل کر دیں۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ روشنی بجھانا اس لیے ہے تاکہ شعور بیدار ہو اور برسر اقتدار طبقے کا ضمیر بھی زندہ ہو، لہٰذا بورڈ کی ہدایت کے مطابق اس کام کو پورے اہتمام سے انجام دیا جائے، جمعہ کی نماز کے علاوہ دیگر نمازوں کے بعد مسجدوں میں اس کا اعلان بھی کیا جائے اور ہر ہر علاقے کے با اثر علماء، دانشوران اور ملی تنظیموں کے ذمہ داران اس سلسلے میں اپنی جانب سے ویڈیو بھی جاری کریں۔ نوجوانوں سے گزارش ہے کہ وہ لوگوں تک پہنچ کر محبت کے ساتھ یہ پیغام پہنچائیں نیز سوشل میڈیا کے ذریعے بھی اس بات کو عام کریں اور اس بتی گل تحریک کو کامیاب بنائیں، یہ بتی گل تحریک اس بات کا علامتی اظہار ہوگی کہ وقف قانون 2025 ہمارے لیے ناقابل قبول ہے اور اس بات کا مطالبہ بھی کہ حکومت اس قانون کو واپس لے، ہمیں امید ہے کہ ملک کے تمام انصاف پسند باشندے باذن اللہ اس بتی گل تحریک میں پوری دلچسپی سے حصہ لیں گے۔

